پریس ریلیز

گوجرانوالہ23فروری 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اورانسٹیٹیوٹ آف کاسٹ اینڈ مینجمنٹ اکاؤنٹس آف پاکستان کے مابین مفاہمتی یادشت سائن کی گئی۔جبکہ مفاہمتی یاداشت کی تقریب کی صدارت گوجرانوالہ چیمبر کے صدر شیخ فیصل ایوب نے کی۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر گوجرانوالہ چیمبر شیخ فیصل ایوب نے کہا کہ اس یادداشت کو سائن کرنے کا مقصد گوجرانوالہ کی بزنس کمیونٹی اورشہریوں کے بچوں کو اس ادارے میں دی جانے والی ایجوکیشن رعایتی نرخوں کے ساتھ ساتھ دیگر سہولیات بھی آسانی سے میسر ہوسکیں۔اور مستقبل میں گوجرانوالہ چیمبر کی ریکمنڈیشن پر طلباء وطالبات اس ادارے سے تعلیمی سہولیات حاصل کرسکیں گے۔اس موقع پر سابق صدر اخلاق احمد بٹ،سابق سینئر نائب صدر عرفان سہیل کے علاوہ ضیاء المصطفیٰ چیئرمین سٹیٹر یجک بورڈ آف انسٹیٹیوٹ آف کاسٹ اینڈ مینجمنٹ اکاؤنٹس آف پاکستان،منزہ الٰہی ڈائریکٹر مارکام انسٹیٹیوٹ آف کاسٹ اینڈ مینجمنٹ اکاؤنٹس آف پاکستان موجود تھیں۔

ضیاء المصطفیٰ چیئرمین سٹیٹر یجک بورڈ آف انسٹیٹیوٹ آف کاسٹ اینڈ مینجمنٹ اکاؤنٹس آف پاکستان نے کہا کہ مستقبل میں یہ مفاہمتی یاداشت دونوں اداروں کیلئے نہایت سودمند ثابت ہوگی۔انہوں نے کہا کہ انسٹیٹیوٹ آف کاسٹ اینڈ مینجمنٹ اکاؤنٹس آف پاکستان ایک بڑی تعلیمی درسگاہ ہے جس میں اکاؤنٹس سمیت مختلف شعبہ جات بڑی کامیابی سے اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہمارے ادارے کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ اس کے فارغ التحصیل طلباء وطالبات مختلف اداروں میں اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ہماری ان تمام کاوشوں کا مقصد پاکستان کی ترقی اور خوشحالی ہے نیز گوجرانوالہ چیمبر اورانسٹیٹیوٹ آف کاسٹ اینڈ مینجمنٹ اکاؤنٹس آف پاکستان اس مفاہمتی یاداشت کے مقصد کو پورا کریگا۔